کوئٹہ 11 سال بعد فرسٹ کلاس میچ کی میزبانی کرے گا

- بلوچستان قائداعظم ٹرافی کے دوسرے راؤنڈ میں سدرن پنجاب کی میزبانی کرے گا
- سنٹرل پنجاب اور ناردرن کی ٹیمیں فیصل آباد میں مدمقابل آئیں گی
- خیبرپختونخوا اور سندھ کے درمیان مقابلہ کراچی میں ہوگا
- فیصل آباد میں شیڈول میچ لائیو اسٹریم کیا جارہا ہے
- کوئٹہ میں شیڈول میچ کی لائیو اسکورنگ جبکہ کراچی سے تازہ ترین صورتحال پی سی بی کےسوشل میڈیا پر جاری رہیں گی

لاہور، 20ستمبر 2019ء:

قائداعظم ٹرافی کے دوسرے راؤنڈ کے آغاز سے11 سال بعدکوئٹہ میں فرسٹ کلاس کرکٹ کی واپسی ہوگی-میزبان ٹیم سدرن پنجاب کے خلاف 21 ستمبر بروز ہفتہ سے شروع ہونے والے 4 روزہ میچ کھیلے گی- میچ کا آغاز صبح 10 بجے ہوگا-

قائداعظم ٹرافی 20-2019 کے 4 میچز کوئٹہ میں شیڈول ہیں-سدرن پنجاب اور بلوچستان کے درمیان بگٹی اسٹیڈیم میں کھیلا جانے والا میچ رواں سیزن کا پہلا مقابلہ ہوگا-

خطے میں کرکٹ کے فروغ کے لیے شائقین کرکٹ کا اسٹیڈیم میں داخلہ مفت ہوگا-ایونٹ کی ٹرافی بھی جمعرات کے روز کوئٹہ پہنچ چکی ہے-

پہلے راؤنڈ کے اختتام پر سدرن پنجاب کرکٹ ٹیم کے 11 اور بلوچستان کے 7 پوائنٹس ہیں-

352 گیندوں پر 152 رنز بنانےوالے امام الحق اور کپتان حارث سہیل کی عدم موجودگی میں بلوچستان کرکٹ ٹیم کی قیادت عمران فرحت کریں گےگذشتہ سیزن میں حبیب بنک

لمیٹیڈ کی قیادت کرنے والے عمران فرحت نے گذشتہ سال 11 میچز میں 744 رنز بنائے تھے۔

سدرن پنجاب پرامید ہے کہ اوپنر سمیع اسلم کوئٹہ میں بھی بہترین کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھیں گے۔انہوں نے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے پہلے راؤنڈ کے میچ میں سنٹرل پنجاب کے خلاف پہلی اننگز 243 جبکہ دوسرے اننگز میں 50 رنز بنائے تھے۔ بائیں ہاتھ کے اوپنر کو دونوں اننگز میں کوئی باؤلربھی پویلین کی راہ دکھانے میں کامیاب نہیں ہوسکا تھا۔

پوائنٹس ٹیبل پر چوتھی پوزیشن پر براجمان سندھ کرکٹ ٹیم ایونٹ میں مسلسل دوسرا میچ یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں کھیلے گی۔سندھ دوسر ے راؤنڈ میں خیبرپختونخوا کی میزبانی کرے گا۔ سنٹرل پنجاب کی ٹیم اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں ناردرن کرکٹ ٹیم کی میزبانی کرے گی۔ فیصل آباد میں شیڈول میچ لائیو اسٹریم ہوگا۔

سرفراز احمد کی عدم موجودگی میں سندھ کی قیادت اسد شفیق جبکہ وکٹ کیپر محمد رضوان کی جگہ صاحبزادہ فرحان پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن پر براجمان خیبرپختوانخوا کرکٹ ٹیم کی کپتانی کے فرائض انجام دیں گے۔ محمد رضوان کی جگہ ریحان آفریدی وکٹ کیپنگ کریں گے۔ سندھ اور خیبرپختوانخواکے درمیان مقابلہ یوبی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلا جائے گا۔

نیشنل ڈیوٹی پر مصروف بابر اعظم اور احمد شہزاد کی عدم موجودگی میں سنٹرل پنجاب کی قیادت اظہر علی کریں گے۔ سنٹرل پنجاب کے 11 پوائنٹس ہیں۔سنٹرل پنجاب اور ناردرن کرکٹ ٹیم کے درمیان مقابلہ فیصل آباد میں ہوگا۔سنٹرل پنجاب کرکٹ ٹیم کی منیجمنٹ قومی کرکٹ ٹیم کے ساتھ مصروف حسن علی ، فہیم اشرف اور عمر اکمل کے متبادل کا انتخاب سیکنڈ الیون کے اسکواڈ ز سے کرے گی۔

پوائنٹس ٹیبل پر پانچویں پوزیشن پر براجمان ناردرن کرکٹ ٹیم کے 8 پوائنٹس ہیں۔ ناردرن کرکٹ ٹیم کی قیادت عمر امین کریں گے۔ ناردرن کرکٹ ٹیم بھی کپتان عماد وسیم، شاداب خان اور عثمان خان شنواری کے متبادل کے طور پر کھلاڑیوں کا انتخاب سیکنڈ الیون اسکواڈ سے کرے گی۔

سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ:

ناردرن کرکٹ ٹیم میرپور آزاد جموں و کشمیر کے میدان میں سنٹرل پنجاب کرکٹ ٹیم کی میزبانی کرے گی۔ایونٹ کے دوسرے راؤنڈ کا آغاز 20 ستمبر سے ہوچکا ہے۔

بلوچستان اور سدرن پنجاب کے درمیان میچ ڈرنگ اسٹیڈیم بہالپور میں کھیلا جائے گا۔
خیبر پختونخوا اور سندھ کے درمیان میچ نیشنل بنک اسٹیڈیم کراچی میں ہوگا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners